سوال

کالے علم سے بچنے کا طریقہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا کالا علم واقعی موجود ہے اس کا اثر ہوتا ہے یا نہیں ،اس سے بچنے کا کیا طریقہ ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

کالا علم جادو کو کہا جاتا ہے ۔ جادو کا جزئی وعارضی اثر ہونا قرآن وحدیث سے ثابت ہے ۔ مصری جادوگروں کی پھینکی ہوئی رسیوں اور لاٹھیوں کے بارے میں موسی علیہ السلام نے یہ خیال کیا تھا کہ یہ (سانپ) دوڑرہے ہیں ۔ لہذا موسی علیہ السلام نے خوف محسوس کیا (دیکھئے سورۃ طہ :66،67وغیرہ)

جادو سے بچنے کے لیے معوذتین ،آیت الکرسی اور دیگر مسنون دعائیں پڑھیں ۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ علمیہ (توضیح الاحکام)

ج1ص485

محدث فتویٰ